نظامتِ فاصلاتی تعلیم

(Directorate of Distance Education)

Batch 2019-20

تفویضات

(Assignments)

B.A Economics

تیسرا سمسٹر

پرچہ: کلی معاشیات۔I

(BAEC301CCT)


مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

گچی باؤلی، حیدرآباد۔500032

Maulana Azad National Urdu University

Gachibowli, Hyderabad-500 032

B A (Economics)

تیسرا سمسٹر

پرچہ: کلی معاشات۔I

مفوضہ کام 1-(اکائی 1 تا اکائی 8)

Assignment-1 (Unit 1 to Unit 8)

---

## حصہ اوّل

**نوٹ:** تمام سوالات کے جواب لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 2 نمبر مختص ہیں۔ **(5*2=10)**

1. عام قیمت کی سطح کے نظریے میں شامل ہیں:

(a) افراطِ زر (b) تفریطِ زر

(c) قیمت کا استحکام (d) درج بالا سبھی

2. کلی معاشیات میں مطالعہ کیا جاتا ہے:

(a) مجموعی معاشی متغیرات کا (b) انفرادی معاشی متغیرات کا

(c) انفرادی بازار کے توازن کا (d) درج بالا سبھی

3. ایک اکاؤنٹنگ سال میں ملک کے افراد اور باقی دنیا کے درمیان تمام معاشی لین دین کا ایک منظم ریکارڈ کہلاتا ہے:

(a) ادائگیوں کا توازن (b) تجارت کا توازن

(c) اشیا کا توازن (d) فروخت کا توازن

4. ملکی پیداوار مساوی ہوتی ہے:

(a) قومی پیداوار $+ NFI_A$ (b) قومی پیداوار $- NFI_A$

(c) قومی پیداوار $\div NFI_A$ (d) قومی پیداوار $\times NFI_A$

5. ایک نان بائی 100 روپے کا آٹا خریدتا ہے اور اس سے بنی روٹیاں 150 روپے میں فروخت کرتا ہے۔ قدر افزودہ ہوگی:

(a) 250 روپے (b) 150 روپے

(c) 50 روپے (d) 100 روپے

## حصہ دوم

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جوابات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 5 نمبر مختص ہیں۔ **(2*5=10)**

1. کلی معاشیات کا موضوع کیا ہے؟
2. خالص بر آمدات غیر ممالک سے خالص عاملی آمدنی سے کس طرح مختلف ہوتی ہے؟
3. درج ذیل اعداد و شمار سے بازار قیمت پر خام ملکی پیداوار ($GDP_{MP}$) کا حساب کریں

| مد | کروڑ روپے |
|---|---|
| بیرونِ ملک کو خالص چالو منتقلی (Net Current Transfer to Abroad) | 30 |
| لگان (Rent) | 100 |
| سود (Interest) | 110 |
| رائیلٹی (Royalty) | 20 |
| مخلوط آمدنی (Mixed Income) | 600 |
| منافع (Profit) | 200 |
| مالکان کی سماجی تحفظ میں حصہ داری (Employers' Contribution to Social Security) | 47 |
| بیرونِ ملک سے خالص عاملی آمدنی (Net Factor Income from Abroad) | -10 |
| خام ملکی تشکیلِ سرمایہ (Gross Domestic Capital Formation) | 140 |
| خالص ملکی تشکیلِ سرمایہ (Net Domestic Capital Formation) | 120 |
| خالص بالواسطہ ٹیکس (Net Indirect Taxes) | 150 |
| ملازمین کا معاوضہ (Compensation of Employees) | 500 |

4. اخراجات کے طریقے سے قومی آمدنی کا تخمینہ کرنے میں کن احتیاط کو مد نظر رکھنا چاہیے؟

## حصہ سوم

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر مختص ہیں۔ **(1*10=10)**

1. معیشت کے بڑے کلی معاشیاتی مسائل پر تبادلہ خیال کریں۔
2. قومی آمدنی کو فلاح و بہبود کے پیمانے کے طور پر استعمال کرنے میں درپیش مسائل بیان کریں۔
3. پیداوار طریقے سے قومی آمدنی کے حساب کے مراحل کیا ہیں؟ اس طریقے میں کن احتیاط کو مد نظر رکھنا چاہیے؟

☆☆☆

B A (Economics)

تیسرا سمسٹر

پرچہ: کلی معاشات-I

مفوضہ کام 2-(اکائی 9 تا اکائی 16)

Assignment-2 (Unit 9 to Unit 16)

---

## حصہ اوّل

**نوٹ:** تمام سوالات کے جواب لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 2 نمبر مختص ہیں۔ **(5*2=10)**

1. اگر میلانِ صرف 0.5 ہے تو ΔC کتنا ہوگا اگر آمدنی میں 100 کروڑ روپے کی تبدیلی ہو؟

(a) 100 کروڑ (b) 50 کروڑ

(c) 80 کروڑ (d) 90 کروڑ

2. درج ذیل میں سے درست مساوات **نہیں** ہے۔

(a) $MPC + MPS = 1$ (b) $APC + APS = 1$

(c) $C + S = Y$ (d) $APC + MPC = 1$

3. حاشیائی میلانِ صرف میں اضافے سے

(a) تفاعلِ صرف زیادہ ڈھلوان ہوگا۔ (b) تفاعلِ صرف اوپر کی جانب منتقل ہوگا۔

(c) تفاعلِ صرف نیچے کی جانب منتقل ہوگا۔ (d) تفاعلِ صرف پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔

4. درج ذیل میں کون سرمایے کی حاشیائی استعداد میں اضافے کا سبب بنے گا؟

(a) تکنیکی پیش رفت (b) اشیا و خدمات کی طلب میں اضافہ

(c) آبادی میں اضافہ (d) درج بالا سبھی

5. اگر ضارب کی قدر 6 ہو اور آمدنی 100 کروڑ سے بڑھ کر 160 کروڑ ہو جاتی ہے تو سرمایہ کاری میں تبدیلی ہوگی:

(a) 6 کروڑ (b) 60 کروڑ

(c) 10 کروڑ (d) 100 کروڑ

## حصہ دوم

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو سوالوں کے جوابات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 5 نمبر مختص ہیں۔ **(2*5=10)**

1. کفایت شعاری کا تضاد کیا ہے؟
2. انتقالی ادائیگیوں کے ضارب کا اثر حکومتی اخراجات کے ضارب کے اثر سے کم ہوتا ہے۔ کیوں؟
3. ایک معیشت کا تفاعلِ صرف ذیل ہے:

$$C = 10 + 0.8Y$$

اگر سرمایہ کاری میں 200 کروڑ روپے کا اضافہ ہوتا ہے تو آمدنی میں کتنا اضافہ ہوگا؟

4. کینز کا تفاعلِ صرف قانونِ بازار کو کیسے باطل ثابت کرتا ہے؟

## حصہ سوم

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر مختص ہیں۔ **(1*10=10)**

1. سرمایے کی حاشیائی استعداد کو تفصیل سے بیان کریں۔
2. فریضہ دائمی آمدنی کو بیان کریں۔
3. ضارب اور مسرع کے تعامل کے سیمولسن ماڈل کی وضاحت کریں۔

☆☆☆

B.A Economics

تیسرا سمسٹر

پرچہ: کلی معاشات-I

مفوضہ کام 3-(اکائی 17 تا اکائی 24)

Assignment-3 (Unit 17 to Unit 24)

---

## حصہ اوّل

**نوٹ:** تمام سوالات کے جواب لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 2 نمبر مختص ہیں۔ **(5*2=10)**

1. کلاسیکی نظریے کے مطابق معیشت میں مندرجہ ذیل میں سے کون سی خصوصیت پائی جاتی ہے؟

(a) مکمل روزگار　(b) بے روزگاری

(c) جزوی روزگار　(d) ان میں سے کوئی نہیں

2. آمدنی اور روزگار کے کلاسیکی نظریے میں کس طرح کی بے روزگاری کے امکانات پائے جاتے ہیں؟

(a) غیر ارادی بے روزگاری　(b) ارادی بے روزگاری

(c) عمومی بے روزگاری　(d) مکمل بے روزگاری

3. کلاسیکی دو فرعیت سے مراد ہے:

(a) زر حقیقی متغیرات پر اثر نہیں ڈالتی۔　(b) زر حقیقی شرحِ سود کو متاثر کرتی ہے۔

(c) زر مجموعی پیداوار کو متاثر کرتی ہے　(d) درج بالا میں سے کوئی نہیں۔

4. روزگار کے تعین میں کینز نے سب سے زیادہ کس بات پر زور ڈالا؟

(a) مکمل روزگار پر　(b) مجموعی رسد پر

(c) موثر طلب پر　(d) طویل مدتی پالیسیوں پر

5. دو سیکٹر معیشت میں ضارب ہوتا ہے:

(a) $b$　(b) $1-b$

(c) $-b$　(d) $\frac{1}{(1-b)}$

## حصہ دوم

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جوابات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے 5 نمبر مختص ہیں۔ **(2*5=10)**

1. رسد اپنی طلب خود پیدا کرلیتی ہے سے کیا مراد ہے؟ مختصراً بیان کریں۔
2. زر کی غیر تاثیرت پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔
3. کینز کے دو سیکٹر ماڈل کو الجبرائی طریقے سے سمجھائیں
4. کفایت شعاری کا تضاد (Paradox of Thrift) کیا ہے؟ اس پر مختصر تبصرہ کریں

## حصہ سوم

**نوٹ:** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر مختص ہیں۔ **(1*10=10)**

1. معیشت میں مکمل روزگار کی صورت حال کو برقرار رکھنے میں اجرت و قیمت کے کردار کو بیان کریں۔
2. کینز کے ماڈل سے مجموعی طلب خط کو اخذ کریں۔
3. AD-AS ماڈل سے قلیل مدتی اور طویل مدتی توازن پر روشنی ڈالیں۔

☆☆☆